حرف اول

باسمہ سبحانہ

کلیہ علوم اسلامیہ و شرقیہ کے "مجلّہ تحقیق" کا تازہ شمارہ نذر قارئین ہے۔ حسب روایت یہ شمارہ بھی السنہ شرقیہ و علوم اسلامیہ کے خصوصی حوالے سے زبان و ادب اور معارف اسلامیہ سے متعلق علمی و تحقیقی مقالات پر مشتمل ہے۔

میرے، کلیہ علوم اسلامیہ و شرقیہ کی ڈین کی حیثیت سے نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد مجلّہ تحقیق کا یہ پہلا شمارہ ہے۔ مجلّہ کو علمی و تحقیقی اور ظاہری و معنوی ہر دو لحاظ سے بہتر بنانے کی کوشش کی گئی ہے، اس کاوش میں جملہ اراکین مجلس ادارت، دیگر اساتذہ کلیہ علوم اسلامیہ اور مقالہ نگار حضرات شریک رہے ہیں، اللہ کریم ان سب کو اجر جزیل عطا فرمائے۔

ان مقالات کے اعلیٰ تحقیقی معیار و افادیت کا صحیح اندازہ تو قارئین کرام اور محققین حضرات کی آرا سے ہی بہتر طور پر ہو سکے گا۔ تاہم مجلس ادارت کی جانب سے مقالات کا معیار جانچنے والے اہل علم کی آرا کی روشنی میں معیاری مقالات کے انتخاب کی کوشش کی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس مجلّہ کے علمی، دینی اور تحقیقی مقاصد کو بطریق احسن پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ اہل علم و تحقیق و دیگر قارئین کرام اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کر سکیں۔

کلیہ کے اساتذہ کرام جنہوں نے مقالات کی جانچ پڑتال کے لئے اپنا قیمتی وقت دیا، ان کی حد درجہ ممنون ہوں۔ ڈاکٹر خالق داد ملک بطور خاص شکریے کے مستحق ہیں جنہوں نے مجلّہ کو قارئین تک پہنچانے کے مراحل ذمہ داری اور محنت سے انجام دیے، فجزاھم اللّٰہ احسن الجزاء

جمیلہ شوکت